فوری ریلیز کے لیے: 18/10/2022　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL اور اٹارنی جنرل JAMES نے بفلو شوٹنگ میں آن لائن پلیٹ فارمز کے کردار پر رپورٹ جاری کی ہے

رپورٹ میں شوٹر کے فرنج ویب سائٹس پر انتہا پسند بننے، تشدد کو لائیو اسٹریم کرنے کے لیے مین اسٹریم پلیٹ فارمز کے استعمال کی تفصیلات درج ہیں

گورنر Hochul، اٹارنی جنرل James نے آن لائن انتہا پسندی اور تشدد سے نمٹنے کے لیے وفاقی اور ریاستی سطح پر قانونی اصلاحات کا مطالبہ کیا

گورنر Kathy Hochul اور نیویارک کی اٹارنی جنرل Letitia James نے Tops گروسری اسٹور میں ہونے والی بفلو کی المناک ماس شوٹنگ میں آن لائن پلیٹ فارمز کے کردار کے بارے میں آج [ایک رپورٹ جاری کی]، اس واقعے میں 10 سیاہ فام افراد ہلاک اور تین دیگر زخمی ہوئے تھے۔ اٹارنی جنرل کے دفتر نے یہ جانچنے کے لیے ہزاروں صفحات پر مشتمل دستاویزات اور سوشل میڈیا مواد کا جائزہ لیا کہ کس طرح مبینہ شوٹر نے اپنے حملے کی منصوبہ بندی، تیاری اور تشہیر کے لیے آن لائن پلیٹ فارمز کا استعمال کیا۔ یہ تحقیقات اور اس کے بعد کی رپورٹ گورنر Hochul کے ایک ریفرل کے مطابق مکمل کی گئیں۔ تحقیقات کے دوران، OAG نے شوٹر کے استعمال کردہ کئی آن لائن پلیٹ فارمز کے بیرونی اور اندرونی مواد اور پالیسیوں کو حاصل کیا اور ان کا جائزہ لیا۔ رپورٹ میں یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ فرنج آن لائن پلیٹ فارمز، جیسے 4chan، نے شوٹر کو انتہا پسند بنایا؛ لائیو اسٹریمنگ پلیٹ فارمز، جیسے Twitch، پرتشدد حملوں کی نقل کیے جانے کی تشہیر اور حوصلہ افزائی کے لیے ہتھیار بنے؛ اور ان پلیٹ فارمز کی نگرانی، شفافیت اور احتساب کی کمی نے نفرت انگیز اور انتہا پسندانہ خیالات کو آن لائن پھیلنے کا موقع دیا، جس کا نتیجہ انتہا پسندی اور تشدد کی شکل میں ظاہر ہوا۔

ان نتائج کے تناظر میں، گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James آن لائن انتہا پسندی اور تشدد سے نمٹنے کے لیے وفاقی اور ریاستی اصلاحات کا مطالبہ کر رہی ہیں، جس میں ریاستی قانون سازی بھی شامل ہے جو کسی قتل کے مرتکب کی تخلیق کردہ کراہیت آمیز تصاویر یا ویڈیوز کو جرم قرار دے گی اور انہی تصاویر یا ویڈیوز کو دوبارہ شیئر یا دوبارہ پوسٹ کرنے والے افراد کو سزا دے گی۔ اس کے علاوہ، گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James وفاقی کمیونیکیشن ڈیسنسی ایکٹ کے سیکشن 230 میں تبدیلیوں کی سفارش کر رہی ہیں تاکہ آن لائن پلیٹ فارمز کے احتساب کو بڑھایا جاسکے اور کمپنیز کے لیے درکار ہو کہ وہ اپنے پلیٹ فارمز پر غیر قانونی پرتشدد مجرمانہ مواد کو ظاہر ہونے سے روکنے کے لیے معقول اقدامات کریں۔

"بہت عرصے سے، نفرت اور تقسیم آن لائن پلیٹ فارمز پر متواتر پھیل رہی ہے - اور جیسا کہ ہم نے میرے آبائی شہر بفلو میں دیکھا، اس کے نتائج تباہ کن ہیں۔" **گورنر Hocul نے کہا۔** "سفید فام بالادستی کے خواہاں فرد کے ہاتھوں اس سال ہونے والی خوفناک شوٹنگ کے تناظر میں، میں نے ایک ریفرل جاری کیا جس میں اٹارنی جنرل کے دفتر سے اس قتل عام میں آن لائن پلیٹ فارمز کے کردار کا مطالعہ کرنے کو کہا گیا۔ یہ رپورٹ اس واقعے میں اہم کردار ادا کرنے والے عوامل کی ایک دل دہلا دینے والی روداد پیش کرتی ہے اور اہم بات یہ ہے کہ زیادہ احتساب کی جانب ایک راستہ پیش کرتی ہے۔"

"بفلو میں ہونے والی المناک شوٹنگ نے غیر منظم آن لائن پلیٹ فارمز کے حقیقی خطرات کو بے نقاب کردیا ہے جو سفید فام بالادستی کے لیے افزائش گاہ بن چکے ہیں۔" **اٹارنی جنرل James نے کہا۔** "آج میں نے اس رپورٹ کے نتائج کو شیئر کرنے کے لیے متاثرین کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ یہ رپورٹ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ آن لائن بنیاد پرستی اور انتہا پسندی ہماری کمیونٹیز خصوصاً غیر سفید فام کمیونٹیز کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ ہم نے کرائسٹ چرچ، چارلوٹس وِل، ایل پاسو اور بفلو میں ایسا ہوتا دیکھا اور ہم کارروائی کرنے کے لیے کسی اور سانحے کا انتظار نہیں کر سکتے۔ آن لائن پلیٹ فارمز کو اپنے پلیٹ فارمز پر نفرت انگیز اور خطرناک مواد پھیلانے کی اجازت دینے کے لیے جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے۔ انتہا پسندانہ مواد آن لائن پروان چڑھ رہا ہے اور ہم سب کو مل کر اس بحران کا مقابلہ کرنے اور اپنے بچوں اور کمیونٹیز کی حفاظت کے لیے کام کرنا ہے۔"

OAG کی رپورٹ میں شوٹر کے استعمال کردہ کئی آن لائن پلیٹ فارمز کا جائزہ لیا گیا، بشمول ، Reddit ،Twitch ،4chan ،8kun ،Discord، اور یوٹیوب، اور دیگر آن لائن پلیٹ فارمز جہاں OAG کو شوٹنگ کا کراہیت آمیز مواد یا شوٹر کا منشور ملا جن میں فیس بک، انسٹاگرام، ٹویٹر، ٹک ٹاک اور Rumble شامل ہیں۔ OAG نے ان کمپنیوں کو طلب کیا اور ہزاروں صفحات پر مشتمل دستاویزات کا جائزہ لیا۔ تفتیش کاروں نے دیکھا کہ کس طرح ان پلیٹ فارمز کا استعمال نسل پرستانہ اور یہود دشمن میمز اور پیغامات پھیلانے اور ان کو فروغ دینے اور نسلی متحرکات کی بنیاد پر ہونے والے تشدد کے گزشتہ واقعات کے کراہیت آمیز میڈیا کو شیئر کیا گیا ہے، ان دونوں نے مبینہ شوٹر کے انتہا پسند بننے میں کردار ادا کیا۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کس طرح پرتشدد کارروائیوں پر اکسانے کے مقصد کے ساتھ اس شوٹنگ کو لائیو اسٹریم کرنے کے لیے دیگر کئی مشہور عام پلیٹ فارمز کا استعمال کیا گیا اور کس طرح شوٹنگ کی کراہیت آمیز ویڈیو آن لائن ہر سو پھیل گئی۔

خلاصے یہ ہے کہ، یہ رپورٹ اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ کئی آن لائن پلیٹ فارمز نے اس نسل پرستانہ حملے میں ناقابل تردید کردار ادا کیا، پہلے شوٹر نے بڑی مقدار میں نسل پرستانہ اور پرتشدد مواد دیکھا جس سے وہ انتہا پسند بنا، پلیٹ فارمز نے حملے کی تیاری میں اس کی مدد کی اور آخر میں اسے نشر کرنے کا موقع دیا۔ رپورٹ میں حاصل ہونے والے یہ سبق درج کیے گئے ہیں:

- **فرنج پلیٹ فارمز انتہا پسندی کو فروغ دیتے ہیں:** اس کے اپنے بیان کے مطابق، بفلو شوٹر گمنام، عملی طور پر غیر منظم ویب سائٹس اور ایسے پلیٹ فارمز پر متشدد نسل پرستی اور یہود دشمن مواد کے ذریعے انتہا پسند بنا، جو کہ عام دستیاب انٹرنیٹ کے دائرے سے باہر کام کرتے ہیں، ان میں سب سے واضح نام chan4 کا ہے۔ بفلو شوٹنگ کے بعد، شوٹر کی لائیو اسٹریم دیکھنے والے ایک ناظر کی ریکارڈ کردہ، شوٹنگ کی کراہیت آمیز ویڈیو فرنج سائٹس پر پھیل گئی۔ chan4 اور اس جیسے پلیٹ فارمز کی طرف سے پیش کردہ گمنامی اور کسی بھی بامعنی طریقے سے مواد کو اعتدال میں لانے سے ان کا انکار، اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ یہ پلیٹ فارمز نسل پرستانہ نفرت انگیز بیانات اور انتہا پسندی کی افزائش گاہ بنتے رہیں۔
- **لائیو اسٹریمنگ ماس شوٹرز کے لیے ایک ٹول بن گئی ہے:** لائیو اسٹریمنگ بڑے پیمانے پر شوٹنگ کرنے والوں کے لیے اپنے جرم کو فوری طور پر عام کرنے کا ایک ٹول بن گئی ہے، یہ شوٹر کا نشانہ بننے والی کمیونٹی کو مزید دہشت زدہ کر کے اضافی پرتشدد کارروائیوں کی ترغیب دینے اور ان کا تقاضا کرنے کے میکانزم کے طور پر کام کر رہی ہے۔ بفلو شوٹر کو اس کے اس یقین نے جوش دلایا کہ دوسرے اسے ساتھ ساتھ یہ تشدد کرتے ہوئے دیکھ رہے ہوں گے۔ اگرچہ وہ جس پلیٹ فارم کو اپنی بربریت لائیو اسٹریم کرنے کے لیے استعمال کرتا تھا اس نے تشدد شروع ہونے کے دو منٹ کے اندر لائیو اسٹریم کو غیر فعال کردیا تھا، لیکن دو منٹ بھی بہت زیادہ ہیں۔
- **مین اسٹریم پلیٹ فارمز کی ماڈریشن پالیسیاں متضاد اور غیرشفاف ہیں:** بہت سے بڑے، نامور پلیٹ فارمز ماضی کے واقعات کے مقابلے میں بفلو شوٹنگ سے متعلق مشتبہ مواد، بشمول شوٹنگ کی گرافک ویڈیو اور شوٹر کے منشور کی نشاندہی کرنے اور اسے ہٹانے کے لیے اپنے ردعمل کے وقت میں بہتری لائے ہیں۔ تاہم، ان پلیٹ فارمز کے ردعمل ایک سے نہ تھے، جن میں ایک پلیٹ فارم ان پوسٹس کی شناخت کرنے سے قاصر تھا جو شوٹنگ ویڈیو کی آف سائٹ کاپیوں سے منسلک تھیں، باوجود اس کے کہ ان پوسٹس کو صارف کی رپورٹس کے ذریعے فلیگ کردیا گیا تھا۔ مزید کہ

بہت سے پلیٹ فارمز یہ بھی پوری طرح سے ظاہر نہیں کرتے کہ وہ نفرت انگیز، انتہا پسند یا نسل پرستانہ مواد کی کس طرح نگرانی کرتے ہیں۔

- **آن لائن پلیٹ فارمز میں احتساب کا فقدان:** آن لائن پلیٹ فارمز کو بہت زیادہ قانونی استثنیٰ حاصل ہے۔ کمیونیکیشن ڈیسنسی ایکٹ کا سیکشن 230 ان پلیٹ فارمز کو ان کے مواد کی نگرانی کے فیصلوں کی ذمہ داری سے بڑی حد تک تحفظ دیتا ہے، یہاں تک کہ جب کوئی پلیٹ فارم صارفین کو غیر قانونی مواد پوسٹ کرنے اور شیئر کرنے کی اجازت دے رہا ہو۔

اس رپورٹ کے نتائج کی روشنی میں گورنر Hochul اور اٹارنی جنرل James نے آن لائن انتہا پسندی سے نمٹنے اور آن لائن پلیٹ فارمز کے احتساب کو بڑھانے کے لیے متعدد اصلاحات کی سفارش کی ہے۔ ان سفارشات میں شامل ہیں:

- **قتل کی ویڈیوز کی تخلیق اور تقسیم پر ذمہ دار ٹھہرائیں:** نیو یارک اور دیگر ریاستوں کو مجرم کی طرف سے قتل کی تصاویر یا ویڈیوز کی تخلیق پر مجرمانہ ذمہ داری عائد کرنے کے لیے قانون سازی کرنی چاہیے۔ نیو یارک کو کسی بھی ایسے شخص کے لیے شہری ذمہ داری قائم کرنے پر غور کرنا چاہیے جو کسی مجرم کی تصاویر یا ویڈیوز کو منتقل یا تقسیم کرتا ہے جس میں وہ اس کے ہاتھوں ہونے والے قتل کو ظاہر کرتا ہے۔ سیکشن 230 میں مناسب ترمیم کے ساتھ، یہ ذمہ داری ایسے سوشل میڈیا اور لائیو اسٹریمنگ پلیٹ فارمز سمیت آن لائن پلیٹ فارمز تک کا احاطہ کرے گی جو اس طرح کے مواد کو ظاہر ہونے سے روکنے کے لیے معقول اقدامات نہیں کرتے۔
- **لائیو اسٹریمنگ میں پابندیاں شامل کریں:** لائیو اسٹریمنگ کو بفلو شوٹر نے پچھلے نفرت انگیز حملوں کی طرح ایک ٹول کے طور پر استعمال کیا تھا، تاکہ وہ اس کی پرتشدد کارروائیوں کو فوری طور پر دستاویزی شکل میں لا کر اور نشر کرکے کسی حد تک شہرت حاصل کر سکے اور دوسروں کو انتہا پسند بنا سکے۔ پلیٹ فارمز پر لائیو اسٹریمنگ پابندیوں کے ساتھ مشروط ہونی چاہیے—بشمول تصدیق کے تقاضے اور ٹیپ کیے جانے میں تاخیر — جو فرسٹ پرسن تشدد کو وسیع پیمانے پر پھیلانے سے پہلے اس کی شناخت کے لیے تیار کی گئی ہو۔
- **سیکشن 230 میں اصلاحات لائی جائیں:** فی الحال، وفاقی کمیونیکیشن ڈیسنسی ایکٹ کا سیکشن 230 آن لائن پلیٹ فارمز کو ان پلیٹ فارمز کی نگرانی کے طریقوں سے قطع نظر، فریق ثالث کے مواد کی ذمہ داری سے بچاتا ہے جس کی وہ میزبانی کرتے ہیں۔ کانگریس کو آن لائن پلیٹ فارمز کے مواد کی نگرانی کے طریقوں کے لیے ایک مکمل دفاع کے طور پر سیکشن 230 کی تیار دستیابی پر دوبارہ غور کرنا چاہیے۔ اس کے بجائے، قانون میں اصلاح کی جانی چاہیے جو سیکشن 230 کے تحفظات کو برقرار رکھنا چاہنے والے آن لائن پلیٹ فارم سے درکار کرے کہ غیر قانونی پرتشدد مجرمانہ مواد کو پلیٹ فارم پر ظاہر ہونے سے روکنے کے لیے معقول اقدامات کیے جائیں۔ یہ تجویز اس کجی کو بدل دے گی۔ آسانی سے سیکشن 230 کے تحت تحفظ کا دعویٰ کر لینے کے بجائے، ایک آن لائن پلیٹ فارم کی یہ بنیادی ذمہ ادری ہے کہ وہ ایسی پالیسیاں اور طریقہ کار قائم کرے جو غیر قانونی مواد سے نمٹنے کے لیے مناسب طریقے سے مرتب کیے گئے ہوں۔
- **شفافیت میں اضافہ اور نگرانی کو مضبوط کیا جائے:** آن لائن پلیٹ فارمز کو اپنے مواد کی نگرانی کی پالیسیوں اور ان پالیسیوں کو عملی طور پر لاگو کرنے میں بہتر شفافیت فراہم کرنی چاہیے، بشمول وہ پالیسیاں جن کا مقصد نفرت انگیز، انتہا پسندی اور نسل پرستی پر مبنی مواد سے نمٹنا ہے۔ انہیں اس طرح کے مواد کے پھیلاؤ کو کم کرنے کے لیے پوری صنعت کے عمل اور طریقہ کار کو بہتر بنانے میں بھی سرمایہ کاری کرنی چاہیے، بشمول مواد کی ان اقسام کو بڑھانا جن کا تجزیہ ان کی پالیسیوں کی خلاف ورزیوں کے لیے کیا جاسکتا ہے، نشاندہی کی ٹیکنالوجی کو بہتر بنانا اور معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے مزید مؤثر ذرائع فراہم کرنا۔
- **صنعتی سروس فراہم کنندگان سے مزید اقدامات کرنے کا تقاضا کیا جائے:** آن لائن سروس فراہم کرنے والے، جیسے ڈومین رجسٹرار اور ہوسٹنگ کمپنیز؛ فرنج سائٹس اور صارفین کے درمیان حائل ہیں۔ ان کمپنیز کو ان ویب سائٹس پر گہری نظر رکھنی چاہیے جو بار بار پرتشدد، نفرت انگیز مواد کی ٹریفک کرتی ہیں اور ایسی سائٹس کو سروس دینے سے انکار کرنا چاہیے جو سفید فام بالادستی کے قائل فرد کے تشدد کے چکر کو جاری رکھتی ہیں۔

مئی 2022 میں، گورنر Hochul نے بفلو شوٹنگ میں آن لائن پلیٹ فارمز کے کردار کی تحقیقات کے لیے نیویارک کے ایگزیکٹو قانون کے سیکشن (8)63 کے تحت OAG کو ریفرل فراہم کیا تھا۔

تحقیقات اور اس کے بعد کی رپورٹ بیورو آف انٹرنیٹ اینڈ ٹیکنالوجی اور بیورو آف سول رائٹس کے نفرت انگیز جرائم کے یونٹ نے تحقیق اور تجزیات کے ڈویژن اور کرمنل جسٹس ڈویژن کی خصوصی مدد سے جاری کی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418